PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 23 اکتوبر 2025ء

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے مؤخر کرنے کی الیکشن کمیشن پر تنقید آئینِ پاکستان اور قانون سے لاعلمی ظاہر کرتی ہے۔ آئین کے آرٹیکل 140-اے کے تحت ہر صوبائی حکومت پر لازم ہے کہ وہ اپنا بلدیاتی نظامِ کا قانون بنائے اور اس کے تحت قواعد وضوابط تشکیل دے جبکہ الیکشن کمیشن الیکشنز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 219 کے تحت صوبہ کے مجوزہ قوانین اور رولز کے مطابق انتخابات منعقد کروانے کا مجاز ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے نفاذ کے بعد لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 منسوخ کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا الیکشن کمیشن کسی منسوخ شدہ قانون کے تحت کیسے انتخابات کروا سکتا ہے۔ بلدیاتی ایکٹ 2025 منظور ہونے کے بعد، سابقہ قانون کے تحت جاری کردہ حدبندیوں کے شیڈول کو واپس لینا الیکشن کمیشن کے لیے قانونی طور ناگزیر تھا۔

الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت کو حلقہ بندی اور ڈیمارکیشن کے رولز کی تکمیل کیلئے 4 ہفتے کا ٹائم دیا ہے جس کے فوراً بعد حلقہ بندی کا شیڈول دیدیا جائے گا اور حلقہ بندیوں کا کام مکمل ہونے کے فوراً بعد الیکشن کروا دیئے جائیں گے۔ اس سلسلے میں چیف سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو مورخہ 30 اکتوبر بروز جمعرات الیکشن کمیشن میں مدعو کر لیا گیا ہے تاکہ تمام اقدامات کو فائنل کیا جاسکے۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING